تبصرے

مجلّات ورسائل کے خاص نمبر

دلی کالج میگزین کا میر نمبر: مرتبہ جناب نثار احمد صاحب فاروقی۔ تقطیع متوسط۔ ضخامت ۴۶۴ صفحات کتابت وطباعت بہتر، قیمت درج نہیں، پتہ :- دلی کالج - اجمیری گیٹ، دلی - ۶ -

اس نمبر میں درحقیقت وہ سب کچھ ہے۔ اور نہایت مستند طریقہ پر۔ جس کی اُردو زبان وادب کے ایک طالب علم کو میرتقی میر سے متعلق جستجو ہو سکتی ہے، اور کیوں نہ ہو؟ اس کے مرتب وہ ہیں جنھوں نے جوانمری میں ہی بحیثیت ایک ادیب ونقاد اور محقق کے امتیاز حاصل کرلیا ہے، اس نمبر میں چار ابواب ہیں، حیات، فن، تصانیف ان میں سے ہر ایک کے لئے ایک ایک باب مخصوص ہے، چوتھے باب میں میر کو نثر ونظم میں جو خراجِ عقیدت پیش کیا گیا ہے اسے یکجا کر دیا ہے۔ اس میں کوئی شبہ نہیں کہ معلومات، تحقیق اور وسعتِ مباحث کے اعتبار سے یہ نمبر اُردو ادب کے ذخیرہ میں خاصہ کی چیز ہے۔ قاضی عبدالودود، مولانا امتیاز علی خاں عرشی، ڈاکٹر گیان چند، نصیرالدین ہاشمی مرحوم۔ ڈاکٹر مختارالدین احمد آرزو، ڈاکٹر تیواڑی اور محمود حسن قیصر امروہوی ایسے نامی گرامی محققین اور پروفیسر آل احمد سرور۔ اثر لکھنوی، حامد اللہ افسر اور سید محمد ایسے شگفتہ قلم نقاد اور ادیبوں نے جس نمبر کی ترتیب میں حصہ لیا ہو اُسے کیسا ہونا چاہئے؟ یہ نمبر کچھ اُس سے بھی بڑھ چڑھ کر ہی ہے، یہ دیکھ کر تعجب ہوا کہ خواجہ احمد فاروقی جن کو اپنی کتاب "حیاتِ میر" پر ساہتیہ اکاڈمی کا انعام مل چکا ہے، وہ اس نمبر میں کہیں نظر نہیں آئے۔

بصائر کراچی کا ٹیپو سلطان شہید نمبر: مرتبہ ڈاکٹر سید معین الحق۔ تقطیع متوسط۔ ضخامت چار سو صفحات کتاب وطباعت بہتر: قیمت چھ روپیہ۔ پتہ :- حق نشان۔ ۳۰ نیو کراچی ہاؤسنگ سوسائٹی۔ کراچی ۔۵

بصائر دائرۂ معین المعارف کراچی کا سہ ماہی علمی رسالہ ہے، یہ نمبر ٹیپو سلطان شہید پر مضامین ومقالات کے لئے مخصوص ہے، اگرچہ مقالات سب ایک معیار کے نہیں ہیں، تاہم سلطان کی نجی زندگی، طرزِ حکومت، سیاسی افکار